معلوماتی پرچہ

My Health Record

My Health Record سے کیا مراد ہے؟

My Health Record آپ کی صحت کے متعلق اہم ترین معلومات کو بحفاظت ذخیرہ کرنے کی ایک محفوظ جگہ ہے۔ آپ کا ریکارڈ آپ، آپ کے معالجوں اور نمائندوں کے لیے ہر وقت دستیاب ہوتا ہے۔ ہنگامی صورتحال میں بھی آپ کا ریکارڈ فوری دستیاب ہوتا ہے۔

مجھے My Health Record کیوں استعمال کرنا چاہیے؟

- آپ اپنی صحت کے متعلق سبھی معلومات ایک جگہ سے حاصل کر سکتے ہیں۔
- وقت کے ساتھ ساتھ یہاں آپ کی صحت کے تفصیلی حالات مہیا ہو سکتے ہیں۔
- آپ کو اپنی میڈیکل ہسٹری بار بار دہرانے کی ضرورت نہیں ہو گی۔
- اس سے غیر ضروری ٹیسٹوں اور سکینز سے بچنے میں مدد مل سکتی ہے۔
- اس طرح صحت کے حوالے سے آپ کے تجربات اور نتائج بہتر ہو سکتے ہیں۔
- ہنگامی صورتحال میں آپ کے متعلق معلومات دستیاب ہوتی ہیں۔
- آپ کا ریکارڈ ہمیشہ آپ کے کنٹرول میں رہتا ہے۔

My Health Record میں کیا شامل ہوتا ہے؟

آپ کے ریکارڈ میں آپ کے معالجوں کی طرف سے کلینیکل ڈاکومنٹس شامل ہوتے ہیں۔ اس میں ٹیسٹوں کے نتائج، دوائیوں اور الرجیوں کے متعلق معلومات اور امیونائزیشن ریکارڈز شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ Medicare ڈاکومنٹس کو شامل کرنے کا انتخاب کریں تو یہ ڈاکومنٹس بھی ریکارڈ میں شامل ہو سکتے ہیں۔ آپ خود اپنی صحت کے متعلق نوٹس بھی شامل کر سکتے ہیں۔

میں My Health Record کیسے دیکھوں؟

آپ کمپیوٹر یا موبائل ڈیوائس پر My Health Record آن لائن دیکھ سکتے ہیں۔ پہلے آپ کو myGov اکاؤنٹ کی ضرورت ہو گی۔ myGov اکاؤنٹ My Health Record دیکھنے کا سیکیور طریقہ ہے۔ پھر آپ کو My Health Record کو اپنے myGov اکاؤنٹ سے لنک کرنا ہو گا۔ جب آپ اپنا ریکارڈ بنا لیں تو آپ My Health Record کو کمپیوٹر پر دیکھ سکتے ہیں یا **my health** ایپ کے ذریعے موبائل ڈیوائس پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

میرا ریکارڈ کون دیکھ سکتا ہے؟

اکثر لوگوں کے **معالجوں** کو ان کا ریکارڈ دیکھنے کی اجازت ہوتی ہے تاکہ وہ انہیں صحت کی خدمات فراہم کر سکیں۔ تاہم اگر آپ چاہیں تو آپ اپنے ریکارڈ تک معالجوں کی رسائی کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔

آپ اپنے بھروسے کے کسی شخص کو اپنا **نامزد نمائندہ** بننے کی دعوت دے سکتے ہیں۔ یہ شخص آپ کے خاندان کا رکن، قریبی دوست یا کیئرر ہو سکتا ہے۔ آپ کا نامزد نمائندہ آپ کا ریکارڈ دیکھ سکتا ہے۔ وہ آپ کو ریکارڈ مینیج کرنے میں مدد بھی دے سکتا ہے۔ آپ اپنے نامزد نمائندے کی رسائی کا درجہ سیٹ کر سکتے ہیں اور اسے کسی بھی وقت بدل سکتے ہیں۔

آتھرائزڈ نمائندے کو اپنے dependant (انحصار کرنے والے شخص) کے My Health Record تک مکمل رسائی اور کنٹرول حاصل ہوتا ہے۔ Dependant سے مراد:

- 14 سال سے کم عمر کا شخص ہے یا
- 14 سال یا اس سے زیادہ عمر کا ایسا شخص ہے جو خود اپنے فیصلے کرنے کے قابل نہ ہو۔

اضافی وسائل

My Health Record کا ویب پیج
www.digitalhealth.gov.au/my-health-record

My Health Record کے متعلق آن لائن سیکھیں:
https://training.digitalhealth.gov.au/mod/page/view.php?id=960

My Health Record کے لیے مدد

My Health Record کی ہیلپ لائن

1800 723 471 (آپشن 1)، دن رات 24 گھنٹے، ہفتے کے ساتوں دن دستیاب۔

آسٹریلین ڈیجیٹل ہیلتھ ایجنسی کا رابطہ فارم
www.digitalhealth.gov.au/contact-us

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس

131 450

www.tisnational.gov.au/Help-using-TIS-National-services/Contact-TIS-National

نیشنل ریلے سروس

1300 555 727

www.accesshub.gov.au